ڈاکٹر محمد ہارون قادر

نُسخۂ دلکُشا: ایک نادر تذکرہ (۱۸۷۰ء)

"Tazkara nuskhah-e-Dilkusha" was published in 1870. Its author was Raja Janam Jee Mitar. This literary work has two parts. The first part contains a discription of 595 poets, where as the second part describes 203 male poets and 23 female poets. Janam Je Mitar has presented the poetic works and brief life sketches of the poets. His effort is quite worthwhile for the reader of Udu Literature ofter the lapse of 139 years.

نُسخۂ دلکُشا کے مصنف راجہ جنم جی متر ہیں ۔شاعری میں ''ارمان'' تخلص کرتے تھے۔ان کے باپ کا نام راجہ بندرابن متر اور دادا کا نام راجہ پتمبر متر تھا۔ان کے حالاتِ زندگی کے بارے میں تذکرہ ''سخن شعرا،۱۲۹۱ھ/ ۱۸۷۴ء'' کے مصنف مولوی عبدالغفور خان بہادر متخلص بہ نساخ تالیف سخن فہم وسخندان نکتہ شناس ونکتہ دان رقم طراز ہیں:

> ''اَرمان تخلص راجہ جنم جی نبیرۂ راجہ پتمبر متر شاگرد حافظ اکرام احمد ضیغم حوالیٔ شہر کلکتہ میں سونٹری میں رہتے ہیں راقم ان سے ملاقات ہے ان کا ایک تذکرہ شعراے اردو نظر سے گذرا۔''(۱)

عبدالغفور نساح نے راجہ جنم جی مترا کے تذکرے ''نُسخۂ دلکُشا'' کا نام نہیں دیا اور ان سے ملاقات کا ذکر کرنے کے باوجود اُن کے متعلق کوئی بھی ضروری معلومات نہیں دیں۔لیکن لالہ سری رام مصنف ''خمخانہ جاوید'' نے تھوڑی تفصیل کے ساتھ بیان کیا ہے:

> ''راجہ جنم جی متر کلکتہ کے ایک مشہور امیر خاندان کے رُکن تھے اور باوجودیکہ اُردو فارسی ان کی مادری زبان نہ تھی مگر اس پر بھی دونوں زبانوں کے قابل انشا پرداز اور بالخصوص شعر وسخن کے دلدادہ تھے۔شعرائے ریختہ کا ایک مختصر تذکرہ جس کا نام دلکُشا ہے ان سے یادگار رہے۔حافظ اکرام احمد صاحب ضیغم سے مشورہ فرمایا کرتے تھے ان کے صاحبزادے ڈاکٹر راجہ راجندر لال متر ہندوستان کے مشہور ترین محقق آثار قدیمہ اور بڑے زبردست فاضل وادیب تھے۔ ہندوستان میں آرکیالوجی (فن تحقیق آثار قدیمہ) کا اتنا بڑا محقق گذشتہ صدی میں ایسا کوئی نہیں گزرا۔تبرکاً چند اشعار درج کئے جاتے ہیں۔

کام اپنا نہ کبھی تجھ سے مری جان نکلا — تن سے جاں نکلی مگر دل کا نہ ارمان نکلا
رات بھر نالے کِیا کرتا ہوں گریہ دن کا — پوچھتے کیا ہیں حقیقت مرے اوقات کی آپ''(۲)

وفا راشدی نے اپنی کتاب ''بنگال میں اردو'' میں راجہ جنم جے مترا کے بارے میں کچھ اس طرح تحریر کیا ہے:

> ''راجہ جنجوئی منزارمان چوربگان کلکتہ کے راجہ فیملی کے چشم و چراغ تھے۔شرف تلمذ ضیغم سے تھا۔انھوں نے سب سے پہلے 'گرے' کی نظموں کا اردو ترجمہ کیا۔صاحب دیوان تھے۔ان کا یہ مطلع بہت مشہور ہے:

کام اپنا نہ کبھی تجھ سے مری جاں نِکلا
تن سے جاں نکلی مگر دل سے نہ ارماں نکلا

شعرائے اُردو کا ایک تذکرہ موسوم بہ نُسخۂ دلکُشا، ان کی ادبی شخصیت کو زندہ رکھنے کے لئے کافی ہے۔ اس کی پہلی جلد ۱۸۷۰ء میں شائع ہوئی تھی۔ گارسان دی تاسی کی غیر فانی کتاب ''تاریخ ادبیاتِ ہندوستانی'' کی دو جلدیں اس سے قبل شائع ہو چکی تھیں اور آخری جلد بھی مطبع کو بھیج دی گئی تھی۔ اگر ارماؔن کا نسخہ دلکشا، اس سے قبل شائع ہو چکا ہوتا تو دتاسی یقیناً اپنی کتاب میں اور بعض نئی اور مفید چیزوں کا اضافہ کر سکتا تھا لیکن بہر حال دتاسی نے اتنا ضرور کیا کہ بطور ضمیمہ ان تمام شعرا کی فہرست جن کا حال اس تذکرے میں ہے، داخل کتاب کر دی۔ یہ فہرست صفحہ ۳۵۵ سے صفحہ ۳۷۶ تک پھیلی ہوئی ہے۔ ''تاریخ ادبیاتِ ہندوستانی'' کی آخری جلد شائع ہونے پائی تھی کہ ارمان کا انتقال ہو گیا۔ بابو راجندر لال متر جو ارمان کے رشتہ دار تھے ادیبانہ مذاق رکھتے تھے انہوں نے ارماؔن کی دوسری جلد کا غیر مطبوعہ نسخہ دتاسی کے پاس بھیج دیا جس کا تعارف دتاسی نے اپنی کتاب کی جلد ثالث کے دیباچہ میں کر دیا ہے۔''(۳)

جنم جی مترا کے استاد سید حافظ اکرام احمد ضیغمؔ کے بارے میں وفا راشدی اپنی کتاب ''بنگال میں اردو'' میں یوں رقمطراز ہیں:

''غدر کے بعد جن شعراء نے بنگال میں شہرت حاصل کی، ان میں سید حافظ اکرام احمد ضیغمؔ سب سے زیادہ نامور استاد گذرے ہیں۔ پیشہ طبابت تھا۔ شعر و شاعری سے فطری ذوق رکھتے تھے۔ شعرائے دہلی و لکھنؤ میں میرؔ، سودا و نسیم کے ہمعصر تھے۔ بنگال کے معاصرین میں خواجہ عبد الرحیم صباؔ، خواجہ فیض الدین شائق تلمیذ غالبؔ وغیرہ جیسے سخن سنج موجود تھے۔ مرزا جان تپش کی طرح وہ بھی آخری عمر میں رام پور سے ڈھاکہ تشریف لے گئے اور وہیں سپرد خاک ہوئے۔ ضیغم نے شاہ رؤف احمد رافت سرہندی شاگرد جرأت سے اکتساب فن کیا۔ ضیغم اردو فارسی کے صاحب دیوان تھے۔ مختلف وضاحت سخن میں طبع آزمائی کی مگر ریختہ و مرثیہ میں خاص ملکہ تھا۔ بنگال میں انہوں نے بہت سی لایق و فایق شاگرد چھوڑے۔ جن میں عبد الغفور خاں بہادر نساخ، سید محمود آزادؔ، عبداللہ، آشفتہ، حکیم اشرف علی مستؔ، خواجہ عبد الغفار آخترؔ، حافظ رشید الٰہی وحشت، راجہ فمونی متر ارمان سپہر ادب کے درخشندہ ستارے بن کر چمکے۔ محمود آزاد نے ایک شعر میں ضیغمؔ کی مکمل تعریف کی ہے۔

کامل فن سخن ماہر اصنافِ کلام
کوئی ضیغمؔ سا نظر مجھ کو نہ استاد آیا''(۴)

جنم جی متر بہ تخلص ارماؔن نے نُسخۂ دلکُشا (جلد اوّل) میں حافظ اکرام احمد ضیغم کا ذکر اس طرح کیا ہے:

''ضیغم تخلص نام اکرام احمد، پیرزادے سرہندی۔ باشندے رام پور کے۔ حال کلکتہ میں رہتے ہیں۔ شاگرد میاں رافت کے۔ اشعار فارسی اور اُردو خوب کہتے ہیں۔ ریختی اور ہزلیات میں مہمان تخلص ہے۔ اکثر ملکوں میں سیاحی کی ہے اور بہت زبانوں سے واقف ہیں۔

ہوں شاہ کشور سخن دلپذیر کا — کرسی عرش پایہ ہے اپنے سریر کا
دیتا ہے قلب کاخ کو ترجیح کاخ پر — سمجھا جو مدعا ہے نقوش حصیر کا
یہ ذکر سلسلے میں ہمارے مدام ہے — اُس زلف سے خیال بندھا ہے اسیر کا
یا رب! ہوں جا کے خلد میں ہم جد کے پائے بوس — گندم کے برخلاف اثر ہو شعیر کا
ساقی بھی مست میں بھی ہوں مست آج زاہدا — یکساں یہی ہے حال مرید اور پیر کا
کھینچا ہے دل کو زلف سے مچھلی نے کان کی — ماہی کو سحر یاد ہے کیا مارگیر کا

☆☆☆

ہوا حسن بتاں میں منعکس جلوہ خدائی کا
نمایاں کفر سے ہے استفادہ رہنمائی کا

قفس میں بند ہو کر تو ہے جان شاد ہے ایسی
کسی کو قید ہونے کا ہے غم اس کو رہائی کا

یہ کس ماہ حلب کا عکس اس پر پڑ گیا ضیغم
کہ آئینے سے عالم بڑھ کے ہے دل کی صفائی کا

☆☆☆

آج کل ہم سے جو بیزار ہے دلبر اپنا
چین لینے نہیں دیتا دل مضطر اپنا

مرغ جاں کیوں قفس تن سے نہ پرواز کرے
ہر پر تیر ستمگار ہے شہپر اپنا

کسی عنواں نہیں جاتا جو خیال خط غیر
ہوش اڑا دیتا ہے ہر ایک کبوتر اپنا

خواب میں ہمرہِ اغیار جو اُس کو دیکھا
ایسا رویا میں کہ تر ہو گیا بستر اپنا

ردف کا وصل روی سے مجھے دینا ہے ضرور
شب مہتاب ہے اور آیا ہے دلبر اپنا

جس نے آباد کیا حسن کا بازار اپنا
جنس بھی آپ ہے اور خود ہے خریدار اپنا

ایک دل تھا جو بڑا مونس و غمخوار اپنا
وہ بھی مشکل میں الٰہی نہوا یار اپنا

آبداری کو یہ کس تشنہ گلو کی یا رب
تیغ کو سنک چٹاہے ستمگار اپنا

☆☆☆

اپنے سینے میں وہی عشق نہاں ہے کہ جو تھا
کعبۂ دل میں وہی ذکر بتاں ہے کہ جو تھا

تیرا انداز وہی آفت جاں ہے کہ جو تھا
کشتۂ ناز و ادا پیر و جواں ہے کہ جو تھا

آپ تشریف جو یہاں لائے اے بندہ نواز
دیدۂ و دل وہی صاحب کا مکان ہے کہ جو تھا

آہ و نالہ ہے وہی اور وہی رونا ضیغم
پراثر گریہ و نالے میں کہاں ہے کہ جو تھا

☆☆☆

ان کے جوڑے میں رہا کرتا ہے جوڑا سانپ کا
اور یہاں ہر پیچ میں بٹی کے توڑا سانپ کا

عشق کاکل میں یہ مضموں ہم نے جوڑا سانپ کا
زلف کا مفتون سدا رکھتا ہے جوڑا سانپ کا

زلف جاناں کا دم تحریر لازم ہے خیال
تا سمند طبع کی خاطر ہو کوڑا سانپ کا

نظم کو جادو بنایا یاد نرگس نے تمام
فکر سنبل نے ذرا مضمون نہ چھوڑا سانپ کا

زلفیں آپس میں سدا ہو جاتی ہیں زیر و زبر
سانپ کے ہے واسطے موضوع لھوڑا سانپ کا

شانۂ مشاطہ نے سلجھا کے گوندھی نہ جعد
توڑ کرنے والے نے ہر ایک جوڑ جوڑا سانپ کا

مدتوں دل میں رہا جومار کاکل کا خیال
رفتہ رفتہ ہو گیا آخر وہ پھوڑا سانپ کا

ڈالنا موباف کا تم کو نہیں آتا اگر
میرے سر سے ماریئے صاحب یہ کوڑا سانپ کا

مانگ پر اُن کی بندھے تعویذ سونے کے نہیں
شیر کر دوں کی سواری میں ہے گھوڑا سانپ کا

یاد زلف یار میں آنسو بہا کر چشم سے
رات پُر زہر اک پھپولا ہم نے پھوڑا سانپ کا

میل ہے کاکل سے اس کا اس سے کاکل کا مدام
ہو گیا ہے یار جانی تیرا توڑا سانپ کا

چشم مست یار میں سرمہ نہیں دنبالہ دار
سر نکالے ہے پٹاری سے یہ جوڑا سانپ کا

ڈھکدُ ھکے کے در میں الجھے دونوں زلفوں کے سرے
ایک من پر لڑ رہے آج جوڑا سانپ کا

خاک اُڑائی ہے بگولے نے ہماری بعد مرگ
ہاتھ رہا بخت سے ضیغم یہ گھوڑا سانپ کا

☆☆☆

رونق بزم طرب ہے آج شمع روئے دوست
آتی ہے گلہائے نخل آرزو سے بوئے دوست

لن ترانی وہاں ہے یہاں ہے شوق دید روئے دوست
دیکھئے کب تک حجاب رخ رہے گیسوئے دوست

مہر ذرہ اُس کا ہے کہتے ہیں جس کو روئے دوست
عقل کُل ہے قمریئے سروقد دل جوئے دوست

انجمِ داغ جگر کی انجمن ہو گی تباہ
آ گیا ہم کو نظر جب آفتاب روئے دوست

طوطیٔ خط کو نوشتے نے کیا جب سے اسیر
دام مرغ دل نہیں جنجال ہے گیسوئے دوست

رونق معشوق ہے عاشق سے کیوں روشن نہ ہو
آفتاب داغ دل سے ماہتاب روئے دوست

سرد آہیں بھرتے بھرتے میں یہاں ٹھنڈا ہوا
گرمیٔ دشمن سے وہاں خالی نہیں پہلوئے دوست

چشم بھی ناصح کی پتلی اب سکندر کی ہوئی
میں نے کیوں اس دشمن جاں کو دکھایا روئے دوست

رکھ نہ اے ضیغم ابھی تو کلک گوہر بار کو
بھیجنے ہیں اور بھی اشعار ہم کو سوئے دوست

☆☆☆

غنچۂ دل میں بسی رہتی ہے بوئے روئے دوست
منزل پیک نظر ہے کوچۂ گیسوئے دوست

غیرت موج صبا ہے نکہت گیسوئے دوست
آتش گل آب ہو دیکھے جو رنگ روئے دوست

لوٹتا ہے کون ان روزوں بہار روئے دوست
وجہ اب ہے اور جو دیکھتے ہیں سوئے دوست

چشم عین شوق میں اے چرخ رکھتے ہیں یہی
شانۂ مژگاں سے جھاڑیں ایک دن گیسوئے دوست

پردۂ محمل اُڑا باد نفس اکدم کہ ہو
مرغ دل پروانۂ شمع جمال روئے دوست

ہو گئی آئینہ وجہ حیرت طوطی خط
زیب قصر حسن ہے آئینۂ زانوئے دوست

غل نہیں کرتا ہوں میں زندان میں اے جوش جنون
تا نہ آ جائے زبان پر شکوۂ گیسوئے دوست

بخت خفتہ نے مجھے بیدار رکھا عمر بھر
ہاتھ پہنچا خواب میں کس روز تا بازوئے دوست

خندہ زن اُس دست میں شانہ ید بیضا پہ ہے
غیرتِ ثعبانِ موسیٰ کیوں نہ ہو گیسوئے دوست

جائے حیرت ہے جو سکتے میں سکندر آ نہ جائے
اک نظر گر دیکھ لے آئینۂ زانوئے دوست

منہ نہ دکھلائے کسی کو جائے ایسی آبرو
ہو اگر آئینۂ منہ رو بروئے روئے دوست

شب کو ان کے بام پر ہم نے لگائی جو کمند
گر پڑے چڑھ چڑھ کے مثل شانۂ گیسوئے دوست

آتی جاتی دمبدم مثل نفس ہے مرگ و زیست
کھیل میں مصروف ہیں جیسے لب و ابروئے دوست

بدگمانی حد سے گذری ضیغم اپنی چشم میں
کیوں نہ ہو دشمن سے بدتر دوست نیکوئے دوست

☆☆☆

پہنچے چمن میں گر مرے نخل سخن کی شاخ
نسرین کی شاخ ہو قلم اور نسترن کی شاخ

ٹھہرے نگہ پہ کیا کسی نخل چمن کی شاخ
تار نظر ہے یار کے سیب ذقن کی شاخ

تیرے سوا کسی کو لکھا ہو جو ہم نے خط
تو ہو قلم ہمارے نہال بدن کی شاخ

میرا نہال تن ہے ترے تیر سے نہال
پیدا ہوئی ہے زخم جگر کے دہن کی شاخ

سرسبز ہو کبھی نہ مرے نخل قد کی طرح
آفت رسیدہ جو کہ ہے چرخ کہن کی شاخ

طوبیٰ بھی تیرے دست کے سایہ میں ہے نہال　　ہے کس روش بلند ترے نخل تن کی شاخ
دامان و جیب کیونکے رہے ثابت اے جنون　　خواہاں ہر یک بن میں ہو جب پیرہن کی شاخ
دنبالہ دار سرمہ نہیں چشم یار میں　　نکلی ہے عین مستی میں ضیغم ہرن کی شاخ

☆☆☆

زنجیر کی سن کر ترے محبوس کی جھنکار　　مجنوں نے کہا ہے عجب افسوس کی جھنکار
ہے چھنکی ترے جان دل مانوس کی جھنکار　　شیشے کی خوش آتی ہے نہ فانوس کی جھنکار
ہیں چوڑیاں اُس ساعد آفت میں قیامت　　کیوں جان نہ لے عاشق مایوس کی جھنکار“(۵)

☆☆☆

جنم جی مترا نے یہ ظاہر نہیں کیا کہ حافظ اکرام احمد ضیغم ان کے استاد ہیں۔ راجہ جنم جی مترا نے الف کی ردیف میں بطور شاعر اپنا ذکر بھی کیا ہے لیکن صرف دو سطروں میں، جن سے ان کے حالات زندگی پر زیادہ روشنی نہیں پڑتی۔ وہ یوں تحریر کرتے ہیں:

”ارمان تخلص، نام جنمے جی متر مؤلف اس نسخے کا نبیرۂ بیکنٹھ باشی راجہ پتامبر متر بہادر کلکتہ کے باشندے اگرچہ اشعار اس ہیچمدان ان کے اس قابل نہیں کہ شاعروں کے زمرے میں داخل ہوں۔ مگر بپاس خاطر بعضے دوستوں کے ناچار مندرج کیے۔

کام اپنا نہ کبھی تجھ سے مری جان نکلا　　تن سے جان نکلی مگر دل کا نہ ارمان نکلا
ہو گئی آتش عشق رخ جانان روشن　　درد دل صورت کاکل ہے پریشان نکلا
زخم پہلو نے مری چشم سے کی ہم چشمی　　جو کہ خنداں نظر آتا تھا وہ گریان نکلا
گل کو بھی صورت یوسف تراشیدا پایا　　چاک داماں تھا وہ یہ چاک گریبان نکلا
نقد جان جس کو دیا دوست سمجھ کر میں نے　　خوبی بخت سے دشمن وہی ارمان نکلا

☆☆☆

ہمیشہ جس پہ فدا ہم نے جان و مال کیا　　کبھی نہ اس نے مرے حال پر خیال کیا
ادا اور آن سے اک آن میں لیا دل کو　　دکھائی چال کچھ ایسی کہ پایمال کیا
بنا ہمارا سویدا بھی رشک ماہ و زحل　　جو ان کے گال کے شب خال کا خیال کیا
کیا جفا سے وہیں چور چور شیشۂ دل　　کبھی فلک سے جو اک جام کا سوال کیا

☆☆☆

میں فدا تجھ پہ ہوں تو غیر پہ اے غیرت حور　　آہ غیرت تجھے اک روز نہ آئی کیا خوب
دل دیا ہاتھ سے اُس آفت جان کو ارمان　　بیٹھے بٹھلائے مصیبت یہ اٹھائی کیا خوب

☆☆☆

تم نے ہم سے تو صنم ترک ملاقات کی آپ　　بھول کیا صاف گئے بات وہ کل رات کی آپ
چشم گریاں پہ مری کیجئے نگہ روز فراق　　دیکھا چاہتے ہیں کبھی سیر جو برسات کی آپ
بندگی کیجئے بندے کی ابھی سے صاحب　　رکھیں خو ایسی جو غیروں سے اشارات کی آپ
رات بھر نالے کیا کرتا ہوں گریہ دن کو　　پوچھتے کیا ہیں حقیقت مری اوقات کی آپ

☆☆☆

ہے دل ترے فراق سے پراضطراب آج　　جان تن سے میری جاتی ہے آ جا شتاب آج
کل تو پلائے ساقئے مہوش نے خم کے خم　　کرتا ہے نار ہجر سے دل کو کباب آج

☆☆☆

دل ہوا ہے گھر خیال عارض دلدار کا　　اس محل میں ہے محال اکدم گذر اغیار کا
دیکھتا ہے جو اُسے ہوتے ہیں گم اُس کے حواس　　حال یہ پہنچا ہے اے ظالم ترے بیمار کا
سینہ خالی ہو گا قاتل کی نشانی سے مرا　　زخم اے جراح بھر آیا اگر تلوار کا

☆☆☆

مرغ دلی نکلے نہ جس جال کے جنجال سے آہ　　دام الفت ہے وہ صیاد کا یہ دام نہیں

☆☆☆

دیکھ کر دست حنائی اُس بت گلفام کے　　خشک غم سے خون ہوا ہے پنجۂ مرجان کا

☆☆☆

توسن طبع جو آوے مرا جولانی پر　　پانی پڑ جائے ابھی آتش سحبانی پر
اس پری کی جو مقرر ہوں میں دربانی پر　　پاؤں رکھوں نہ کبھی تخت سلیمانی پر
دست قدرت کا لکھا ہے یہی پیشانی پر　　خط سبق لے گیا اس کا خط ریحانی پر
عرش پر کیونکہ نہ اس زہرہ جبین کا ہو دماغ　　تارے افشاں پہ فدا ماہ ہے پیشانی پر
دیدۂ تر میں ہیں لخت دل سوزاں اس رنگ　　جس طرح آگ بجھا دیوے کوئی پانی پر
نہ ہوا موم دل اس رشک پری کا نہ ہوا　　لاکھ افسوں میں پڑھے سنگ سلیمانی پر
اشک دیتا ہے جو لے لیتا ہے چادر مہتاب　　ہے نظر بس انہیں دو کی مری عریانی پر
ہوبہو کھینچے جو اُس رشک پری کی تصویر　　یہ تو ہو گا نہ گمان ہم کو کبھی مانی پر
موذیوں میں بھی ہے اتنا اثر ہم جنسی　　مار بل کھاتا ہے کاکل کی پریشانی پر
اُن سے ظالم کے اٹھائے ہیں سدا جور فلک　　کیا ڈراتا ہے مجھے اپنی ستمرانی پر
جانب غیر اگر تم نے ہلائی ابرو　　ہم بھی رکھیں گے گلا تیغ صفاہانی پر
اگلے سب زخم ہرے ہیں مرے اے تیر انداز　　کیا عجب تیر کے ہو جائیں اگر دھانی پر
قیس نے بن سے جو مجنون کے تری دی تشبیہ　　رہ نے خط کھینچ دیا نجد کی ویرانی پر
فرط گریہ سے ہے یہ حال فلک اے ارمان　　جس طرح سے کہ دھواں کش ہو رواں پانی پر‘‘ (۲)

درجِ بالا اشعار کا مطالعہ کرنے سے اندازہ ہوتا ہے کہ شاعری میں ارمانؔ کا مقام خاص بلند نہیں تھا۔شاید یہی وجہ ہو کہ ان کی شہرت زیادہ نہ ہو سکی۔اردو ادب میں ان کا نام اگر زندہ ہے تو صرف ’’نسخۂ دلکشا‘‘ کی وجہ سے زندہ ہے۔اگران کے بیٹے بابو راجندر لال متر بھی اس نسخہ کی حفاظت نہ کرتے تو ممکن تھا کہ آج راجہ جنم جی متر کو کوئی بھی نہ جانتا اور سال ہا سال کے بعد آج یہ نسخہ منظر عام پر نہ آ سکتا۔

ان حوالوں کے علاوہ ارمانؔ کے بارے میں مزید تفصیلات کسی بھی قدیم تذکرے میں نہیں ملتی،البتہ بنگال کے ایک ہندو ادیب شانتی رنجن بھٹاچاریہ نے ۱۹۶۳ء میں اپنی کتاب ’’بنگالی ہندووں کی اردو خدمات‘‘ میں ارمانؔ کے حالات زندگی اور ادبی کارناموں پر بحث کی ہے۔ان کے بقول:

''نُسخۂ دلکُشا کے مصنف راجہ جنم جئے متر ۵-اکتوبر ۱۷۹۶ء میں پیدا ہوئے۔اور ۲۵-اگست ۱۸۶۹ءکووفات پائی۔اس لحاظ سے وہ اسداللہ خان غالب کے ہم عہد اور ہم عمر ہیں۔اَرمانؔ کے دادا پتمبر شاہ دہلی میں بہادر شاہ اول کے نواب وزیر تھے۔ ۸۸-۱۷۸۷ء میں ملازمت سے سبکدوش ہوکر کلکتے واپس آئے اور وہیں ۱۸۰۶ء میں ان کا انتقال ہوا۔راجہ پتمبر کے اکلوتے بیٹے راجہ بندرابن متر بھی شاہ دہلی کے ملازم تھے۔جنم جئے متر ا،ارمانؔ انہیں کے بیٹے ہیں۔

ارمان کئی زبانوں میں عبور رکھتے تھے اور بنگلہ، اردو، فارسی اور برج بھاشا سب میں شعر کہتے تھے۔ اردو شاعری سے خصوصی لگاؤ تھا اور اردو شعرا کے ہزاروں اشعار انہیں یاد تھے۔اس زمانے کے مشہور ومقبول شاعر حافظ اکرام احمد ضیغم سے مشورہ سخن کرتے تھے۔''(۷)

اس کے علاوہ بھی ۱۹۶۵ء میں ڈاکٹر شانتی رنجن بھٹا چاریہ نے اپنی کتاب ''بنگال میں اردو مخطوطات ۱۸۰۰ء تا ۱۹۸۰ء میں جنم جی مترا کے بارے میں یوں تحریر کیا:

''نسخہ دلکشا...جنمے جئے متر اَرمانؔ گنیش پریس میں شری بھوپندر لال متر نے چھاپا۔تاریخ اشاعت ۱۶ جون۔ باراول۔تعداد دوسو۔قیمت ایک روپیہ۔صفحات ۲۰۴۔یہ صرف پہلا حصہ ہے اور اس کا دوسرا حصہ شائع نہیں ہوا۔اس پہلے حصے کو جنمے جئے متر اَرمانؔ کے بیٹے مشہور زمانہ عالم راجندر لال متر نے مرتب کر کے شائع کیا کیونکہ دوران طباعت تذکرہ ہذا جنمے جئے متر انتقال کر گئے تھے۔ارمان کی یہ تصنیف ایشیاٹک سوسائٹی کلکتہ میں ہے اور ارمان پر جناب رئیس انور نے کام کر کے ڈاکٹریٹ کی سند پائی ہے۔''(۸)

ڈاکٹر شانتی رنجن بھٹا چاریہ نے اپنی کتاب ''بنگال میں اردو زبان وادب (چند تحقیقی مضامین)'' میں بھی نسخہ دلکشا کا ذکر یوں کیا:

''یہ راجہ جنمے جئے متر ۱۸۶۷ء ارمان کا مشہور تذکرہ شعرا ہے۔''نُسخۂ دلکُشا'' کی یہ جلد ۱۸۵۴ء میں چھپ چکی تھی۔لیکن مصنف کی خرابی صحت اور بعد میں موت کی وجہ سے اسے شایع نہیں کیا گیا۔ پندرہ سال گزرنے کے بعد ارمان کے بیٹے راجندر لال متر نے اسے ۱۸۷۰ء میں شائع کر دیا۔یہ صرف حصّہ اول ہے اور اس کا دوسرا حصّہ شائع نہیں ہوا۔ارمانؔ اور ان کے اس تذکرہ پر مفصل روشنی میں ''بنگالی ہندوؤں کی اُردو خدمات'' میں ڈال چکا ہوں۔ارمان کے چند اشعار ملاحظہ ہوں:

ادا اور آن سے اک آن میں لیا دل کو　　　دکھائی چال کچھ ایسی کہ پائمال کیا

☆☆☆

اُس پری کی جو مقرر ہوں میں دربانی کو　　　پاؤں رکھوں نہ کبھی تخت سلیمانی پر''(۹)

ڈاکٹر وحید قریشی (مرحوم) کے بقول نُسخۂ دلکُشا کا ایک حصّہ (حصّہ اوّل) مطبوعہ ہے اور ایک ابھی غیر مطبوعہ ہے۔اس نسخہ کے دیباچے سے معلوم ہوتا ہے کہ نُسخۂ دلکُشا ۱۲۶۸ھ بمطابق ۱۸۵۱ء سے لے کر ۱۸۵۴ء بمطابق ۱۲۷۱ھ کے دوران مکمل ہوا۔ ایسا خیال اس لئے کیا جاتا ہے کہ مصنف نے دلکُشا کے دیباچے میں خود تحریر کیا ہے:

''اور ابتدائے عہد سلطان ابوالظفر جلال الدین محمد حضرت شاہ عالم بادشاہ غازی (سنہ ۱۱۷۳ ہجری) سے تا سلطنت حضرت ابوظفر سراج الدین محمد بہادر بادشاہ (۱۲۶۸ ہجری) کے شعرا کا احوال اکثر درج کیا، اوران سے متقدمین شاعروں کو کم لکھا ہے۔''(۱۰)

مالک رام تحریر کرتے ہیں:

''نسخہ دلکشا مطبع میں تھا اور اس کا کافی حصہ چھپ چکا تھا کہ وہ (ارمانؔ) بیمار پڑ گئے اور طباعت کا کام رک گیا۔ مطبوعہ حصہ اس انتظار میں پڑا رہا کہ ان کی صحت بحال ہو تو کتاب کا بقیہ حصہ بھی چھاپ کرا سے مکمل کر دیا جائے۔ بد قسمتی سے یہ نہ ہو سکا اور اگست ۱۸۶۹ء میں ان کا انتقال ہو گیا اس پر ان کے صاحبزادے بابو راجندر لال متر نے مطبوعہ حصے کو جلد اول کی شکل میں شائع کر دیا۔ یہ کتاب ۲۹۰ صفحات پر مشتمل ہے اور کلکتے سے ٹائپ مین چھپی ہے۔ مطبع کا نام یقین سے معلوم نہیں ہو سکا۔ البتہ شائع شدہ حصے کا سرورق انگریزی میں طبع ہوا (۱۸۷۰ء) اس پر گنیش پریس کا نام ملتا ہے۔

(مطبوعہ حصے کے شروع میں انگریزی زبان میں ایک مختصر سا تعارف ہے جس میں لکھا ہے)

مندرجہ ذیل صفحات ۱۸۵۴ء/۱۲۷۱ھ میں چھپے تھے۔ طویل علالت نے مصنف کو اجازت نہ دی کہ وہ اس کے آخری حصے کی طباعت کی نگرانی کر سکتے۔ پچھلے دنوں ان کی وفات ہو گئی۔ چونکہ اب اس کام کی تکمیل کا امکان غیر یقینی ہو گیا ہے لہٰذا غیر مکمل حصہ جلد اول کے طور پر شائع کیا جا رہا ہے۔ پوری کتاب میں اردو کے ۶۷۷ شاعروں اور ۲۳ شاعرات کے نام (اور مختصر حالات) اور ان کے کلام کا انتخاب ہے۔ یہ حصّہ جو (مطبوعہ شکل میں) قارئین کی خدمت میں پیش کیا جا رہا ہے اس میں ۲۸۰ شعرا کے حالات ہیں۔''(۱۱)

اس عبارت کے آخر میں ۱۴۔ مارچ ۱۸۷۰ء کی تاریخ تحریر ہے۔ مالک رام اپنے مضمون میں یہ بھی تحریر کرتے ہیں کہ یہ تعارف ارمانؔ کے بیٹے بابو راجندر لال متر کا لکھا ہوا ہے۔ اس حصے کی اشاعت کے بعد اس خیال سے بقیہ حصّہ نہ چھپ سکے گا اور ضائع ہو جائے گا۔ ارمان کے بیٹے راجندر لال نے بقیہ قلمی مسودے کو گارسین دتاسی کو پیرس بھیج دیا۔

اس بات سے یہ معلوم ہوتا ہے کہ نسخہ دلکشا کے دو حصے ہیں۔ دونوں حصے ایک مکمل تذکرے کی صورت میں ۱۸۵۴ء میں اشاعت کے لئے پریس بھیجے گئے۔ لیکن مؤلف کی علالت کے سبب اشاعت التوا میں پڑ گئی۔ صرف ایک حصہ ۱۸۷۰ء میں چھپ سکا۔ باقی حصہ غیر مطبوعہ پڑا رہ گیا اور گارسان دتاسی کو بھیج دیا گیا۔ چنانچہ دونوں حصے مطبوعہ اور غیر مطبوعہ یورپ میں محفوظ ہیں۔(۱۲)

جنم جی متر، ارمانؔ کے ''نسخہ دلکشا'' کا اولین سراغ مشہور فرانسیسی مستشرق گارسین دتاسی کی تاریخ ادب ہندوستان کی تیسری جلد مطبوعہ ۱۸۷۰ء میں ملتا ہے۔ دتاسی نے تیسری جلد کے دیباچے میں لکھا ہے:

''بابو جنم جی متر کا نیا تذکرہ جس کا نام نسخہ دلکشا ہے عنقریب شائع ہونے والا تھا لیکن مصنف کے بے وقت انتقال کی وجہ سے اس کی طباعت کا کام روک لیا گیا۔ بابو صاحب مشہور فاضل راجندر لال متر کے والد تھے۔ اس تذکرے میں ہندوستانی شعرا کا حال بیان کیا گیا ہے۔ اس میں ۱۷۷ شاعروں اور ان ۲۳ شاعرات کا حال قلم بند کیا گیا ہے جو ۱۱۷۳ھ سے شروع ہو کر ۱۲۶۸ھ تک گزرے ہیں۔ ہر ایک کے کلام کی مثالیں پیش کی گئی ہیں۔''(۱۳)

گارسین دتاسی کی یہ عبارت نسخہ دلکشا حصہ دوم غیر مطبوعہ کے متعلق ہے۔ مجھے نسخہ اول اور دوم ڈاکٹر وحید قریشی (مرحوم) سے عنایت ہوا تھا۔ نہایت خوش خط تحریر ہے۔ دوسرے حصے کے آخر میں نقل کرنے والے کا نام سید محمد فاضل مشہدی مع تاریخ ۱۳ مارچ ۱۹۶۸ء درج ہے۔ میری گنتی کے مطابق ۲۰۸ شاعروں اور ۲۳ شاعرات کا ذکر ہے۔ جن میں ایک شاعرہ (پہلی) کا نام نا معلوم ہے۔ مطبوعہ حصّے کے متعلق گارسین دتاسی نے تیسری جلد کے ضمیمہ میں لکھا ہے:

''یہ کتاب کلکتے سے ۱۸۷۰ء میں طبع ہوئی اس کتاب میں ۵۸۷ اُردو زبان کے لکھنے والوں کے حالات درج ہیں۔ کل صفحات ۲۱۰ ہیں۔ ہر صفحہ ۲۰ سطروں کا ہے۔''(۱۴)

ڈاکٹر محی الدین قادری زور نے بھی اپنی کتاب میں کتب خانہ دتاسی کا جائزہ لیتے ہوئے دوسرے حصے کے قلمی مسودے کے بارے میں لکھا ہے:

''نسخہ دلکشا... یہ کتاب بابوراجندر لال متر کے تذکرہ شعرا کا دوسرا حصّہ ہے۔ پہلا حصّہ کلکتے میں ۱۸۷۰ء شائع ہوا ۲۸۰ صفحات ہیں جن میں ہندوستانی مصنفین پر ۵۸۷ مضامین ہیں۔ یہ دوسرا حصّہ ان شعرا سے متعلق ہے جن کے نام صرف ''ک'' سے شروع ہوتے ہیں بہت ہی خوش خط مخطوطہ ہے۔''(۱۵)

قاضی عبدالودود صاحب نے ''نسخہ دلکشا'' کے متعلق یہ رائے ظاہر کی ہے:

''اس کی پہلی جلد ۱۸۷۰ء میں شائع ہوئی تھی۔ گارساں دتاسی کی غیر فانی کتاب ''تاریخ ادبیات ہندوستانی'' کی دو جلدیں اس سے قبل شائع ہو چکی تھیں اور آخری جلد بھی مطبع کو بھیج دی گئی تھی... بہر حال دتاسی نے اتنا ضرور کیا کہ بطور ضمیمہ ان تمام شعرا کی فہرست جن کا حال اس تذکرے میں ہے داخل کتاب کر دیئے۔ یہ فہرست ص ۳۵۵ سے ص ۳۷۶ تک پھیلی ہوئی ہے۔ تاریخ ادبیات ہندوستانی کی آخری جلد شائع ہونے پائی تھی کہ ارمان کا انتقال ہو گیا۔ بابوراجندر لال متر... نے ارمان کی دوسری جلد کا غیر مطبوعہ نسخہ دتاسی کے پاس بھیج دیا جس کا تعارف دتاسی نے اپنی کتاب کے جلد ثالث کے دیباچے میں کیا۔''(۱۶)

ڈاکٹر افتخار حسین کے بیان کے مطابق:

''تیسری جلد میں پہلے آٹھ صفحے کے پیش لفظ میں دتاسی نے لکھا ہے کہ اس اثناء میں سے ایک نہایت کارآمد تذکرہ موسوم بہ نسخہ ''دلکشا'' کے دوسرے حصّے کا مخطوطہ مل گیا۔ جن میں ان شعرا کے حالات جن کے نام ''ک'' اور اس کے بعد کے حروف تہجی سے شروع ہوتے ہیں۔ اس کے بعد دتاسی نے ان شعرا اور شاعرات کے ناموں کی فہرست دی ہے جن کا نام تذکرہ نسخہ ''دلکشا'' میں کیا گیا ہے۔''(۱۷)

دہلی سے نکلنے والے رسالے ''تحریر'' میں مالک صاحب لکھتے ہیں:

''انہوں نے (بابوراجندر لال متر) نے غیر مطبوعہ حصے کا مسودہ دتاسی کے پاس بھیج دیا اور اس زمانے میں دتاسی کی تاریخ ادبیات ہندوی و ہندوستانی (فرانسیسی) زیر طبع تھی۔ اب اس کے لئے یہ نیا مواد اپنی کتاب میں ٹھیک مقام پر شامل کرنا دشوار تھا۔ لہٰذا اس نے اپنی تصنیف کی تیسری جلد کے شروع میں اس کا ذکر کیا کہ کتاب تکمیل کے مراحل میں تھی کہ بابوراجندر لال متر نے میرے پاس نسخہ دلکشا کا دوسرا غیر مطبوعہ حصہ بھیجا پھر اسی جلد کے ضمیمے میں اس نے پہلی جلد کے شعرا کی فہرست بھی دے دی۔''(۱۸)

درج بالا اقتباسات کا خلاصہ یہ ہے کہ نُسخۂ دلکُشا کا اولین تعارف گارسین دتاسی نے کرایا۔ چونکہ نسخۂ دلکُشا اسے بہت دیر سے ملا اس لئے وہ اس تعارف کو اپنی کتاب ''تاریخ ادبیات ہندوستانی'' میں مناسب جگہ پر نہ چھاپ سکا لیکن آخری جلد کے دیباچے اور اس کے ضمیمے میں نسخہ دلکشا کے مطبوعہ اور غیر مطبوعہ دونوں حصّوں کے متعلق ضروری تفصیلات ضرور شائع کر دیں۔

قدیم اردو تذکروں میں صرف عبدالغفور نساخ نے اتنا سراغ دیا کہ ارمانؔ نے اُردو شعرا کا ایک تذکرہ لکھا تھا۔ تذکرے کا نام نہیں بتایا۔ بعد میں ڈاکٹر محی الدین قادری زور مرحوم اور قاضی عبدالودود صاحب نے گارسین دتاسی کے حوالے سے نسخہ دلکشا کے مختصر تعارف شائع کئے۔ اس کے بعد ہندوادیب شانتی رنجن بھٹاچاریہ نے اپنی تصنیف ''بنگالی ہندوؤں کی اُردو خدمات'' میں ارمان اور ان کی تالیفات پر تھوڑی تفصیل سے تحریر کیا ہے۔ اس کے علاوہ رسالہ نگار پاکستان کے شمارہ اکتوبر ۱۹۶۴ء میں ڈاکٹر فرمان فتح پوری نے ڈاکٹر آغا افتخار حسین کا ایک مضمون نسخہ دلکشا کی فہرست شعرا کے ساتھ شائع کیا ہے۔(۱۹) اس کے بعد ڈاکٹر آغا افتخار حسین صاحب کے دو مختصر تعارفی نوٹ اور شائع ہوئے۔(۲۰) ۱۹۶۹ء میں مالک رام کا ایک مضمون نسخہ دلکشا حصّہ

دوم یعنی خطی نسخے کے متعلق چھپا جس میں اشعار کو چھوڑ کر شعراء کے نام بھی دے دیے گئے۔ (۲۱) لیکن آج تک کسی بھی محقق نے دونوں حصوں کو سامنے رکھ کر نُسخۂ دلکُشا کے متن و مواد کا نہ تو جائزہ لیا ہے اور نہ ہی اس کی افادیت و اہمیت پر روشنی ڈالی ہے۔ ڈاکٹر آغا افتخار حسین نے بھی رسالہ ''نگار'' میں چھپنے والے مضمون کو دوبارہ اپنی تالیف ''یورپ میں تحقیقی مطالعہ'' میں فہرست کے ساتھ شامل کیا ہے۔ (۲۲)

نُسخۂ دلکُشا دو جلدوں میں ایک ضخیم تذکرہ ہے۔ جو اردو زبان میں ہے۔ اس کا ایک حصّہ ۱۸۷۰ء میں کلکتے میں شائع ہوا۔ اس کا ایک نسخہ انڈیا آفس لندن میں اور ایک پنجاب یونیورسٹی لاہور میں موجود ہے۔ ایک ایشیاٹک سوسائٹی کلکتہ میں محفوظ ہے۔ (۲۳)

ذیل میں اس کے دو صفحوں کا دیباچہ جس میں ''حمد'' کے بعد مؤلف نے تذکرے کی افادیت اور تالیف کرنے کے اسباب اور اس کی ترتیب پر روشنی ڈالی ہے۔ ملاحظہ کیجیے:

''بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ ط

حمد بیحد اس مالک ذوالجلال خداوند لایزال کو سزاوار ہے؛ جس نے دریائے سخن کو اپنے ابرکرم سے گوہر معنی عطا فرمایا، اسی کے جود و فیض سے غواص طبع انسان نے اس بحر بے پایان سے جواہرات مضامین کنارۂ لب تک لا کے مطلب دلی پایا اور طوطی خوش بیان زبان انسان کو وہ گویائی بخشی؛ جس کے روبرو لال مرغان چمن ہوئے، فانوس دل عشق منزل کو اپنی شمع ظہور کے ایک ذرہ نور سے ایسا منور کیا کہ چودہ طبق زمین و آسمان کے اُس پر روشن ہوئے۔ بیت

گھس جائے چلتے چلتے قلم سر سے تا بپا   تو بھی نہووے شمۂ حمد خدا ادا

شایقان فن سخن و طالبان مضامین تازہ و کہن ناظران غزل و اشعار فرحت انگیز و سامعان رباعیات و مخمسات لطافت و ظرافت آمیز کی خدمت فیض درجت میں گذارش یہ ہے کہ یہ عاصی پر معاصی اپنے غنچۂ دل پژمردہ کی تروتازگی کی خاطر سیر چمنستان پر بہار دیوان ہائے اردو و فارسی میں کبھی کبھی مصروف رہا کرتا تھا اور جو ابیات و اشعار دلچسپ پاتا اس کو پارۂ کاغذ پر لکھ کر جی بہلاتا، رفتہ رفتہ چند عرصے میں ایک دفتر ہو گیا، مگر جب کبھی کسی شعر کا مضمون یاد آتا؛ اور دل شوق منزل اسی شعر کی تلاش پر مائل ہوتا؛ تو بسبب عدم ترتیب اشعار کے جلد دستیاب ہونا مشکل ہوتا، لہٰذا اس خوشہ چین خرمن مضامین کا دلِ نیاز آئین اس پر متوجہ ہوا؛ کہ یہ اشعار پُر بہار؛ مع نام و تخلص اور مختصر احوال مصنفوں خجستہ آثار کے۔ کہ یہ بھی اعلیٰ مطالب طالبان سخن سے ہے۔ بترتیب حروف تہجی مرتب کئے جاویں، تاکہ متلاشی جلد اوسے پاویں، اور اُن کے مذاق سے لطف اٹھاویں، اور نام اس بیاض رشکِ ریاض کا ''نسخۂ دلکشا'' رکھا۔

اگرچہ انسان کی وحشت طبیعت و کدورت مزاج کے علاج کے لئے عقلائے زمان و حکمائے دوران نے نوع بنوع و طرح بطرح کے قصے کہانی و افسانے بھی لکھے ہیں۔ لیکن جب تک ان کو ابتدا سے تا انتہا نہ پڑھئے؛ تب تک دل مضمحل کو تسکین عاجل حاصل نہیں ہوتی، مگر اشعار جس کی ایک بیت کے پڑھنے سے وہ لطف فی الحال ملتا ہے، اور صاحبان نازک مزاج تفریح طلب کی خاطر غائر میں گراں معلوم نہیں ہوتا، اس قیاس پر امید ہے؛ کہ ناظرین اس مجموعے کے بھی اپنے دل پر ملال کو فرحت فی الحال بخشیں، اور جو خطا پاویں؛ قلم عطا سے درست فرمادیں۔

یہ تذکرہ دو ترتیب پر مرتب ہوا، ترتیب اول میں ذکر شعرائے ہند کا۔ احوال مختصر کے ساتھ۔ اور تخلص ان

کا - بترتیب حروف تہجی - رقم کر کے قدرے اُن کے کلام دلپذیر سے مندرج کیا، اور ترتیب دوم میں اشعار عورتوں کے؛ اور وہ ابیات کہ دل چسپ تھیں؛ مگر جن کے مصنفوں کے نام و تخلص معلوم نہ ہوئے، اور ابتدائے عہد سلطان ابوالظفر جلال الدین محمد حضرت شاہ عالم بادشاہ غازی (سنہ ۱۱۷۳ ہجری) سے تا سلطنت حضرت ابوظفر سراج الدین محمد بہادر شاہ بادشاہ (سنہ ۱۲۶۸ ہجری) کے شعرا کا احوال اکثر درج کیا، اور ان سے متقدمین شاعروں کو کم لکھا ہے، اور احقر نے تیمناً و تبرکاً آغاز اس کتاب کا ساتھ اسم مبارک ایسے دو سلطنت آرا وکشور کشائے دہلی کے کیا؛ جس سے مرتبہ اس بیاض کا دوبالا ہو گیا۔''

(دیباچہ: نُسخۂ دلکُشا، جلد اوّل، جلد دوم)

درج بالا دیباچہ مکمل نسخہ دلکشا یعنی مطبوعہ و غیر مطبوعہ سے متعلق ہے۔ مکمل نسخے کی ترتیب کی صورت جیسا کہ مؤلف نے دیباچے کے آخر میں ظاہر کی ہے یہ ہے کہ مولف نے پہلے حروف تہجی کے لحاظ سے ردیف وار شعرا کے حالات لکھے ہیں اور ان کے بعد ساتھ ہی ان کے کلام کا نمونہ دیا ہے۔ آخر میں شاعرات کے حالات اور ان کے کلام کے نمونے درج ہیں۔ وہ اشعار بھی درج ہیں جن کے مصنفوں کے نام و تخلص معلوم نہ ہو سکے۔ مولف نے شعرا کے اشعار کو ترتیب اول اور شاعرات کے اشعار کو ترتیب دوم کا نام دیا ہے۔ شمار کے مطابق ترتیب اول میں مہدی حسین آباد لکھنوی سے لے کر حکیم یونس تک ۷۹۱ شعرا اور ترتیب دوم میں ۲۳ شاعرات کے اشعار شامل ہیں۔ شاعرات کے اشعار کے بعد ۱۴ متفرق اشعار اور تین رباعیاں ایسی درج کی گئی ہیں جن کے مصنفین کے نام مولف کو معلوم نہ ہو سکے۔ یوں اگر مکمل تذکرے میں شعرا و شاعرات ملا کر دیکھا جائے تو وہ آٹھ سو چودہ بنتی ہے۔

نسخہ دلکشا کے حصہ اول میں دیباچے کے بعد جب مؤلف ردیف وار مشاعروں کا ذکر کرتا ہے تو اس سے پہلے درج ذیل عبارت پڑھنے کو ملتی ہے۔ ملاحظہ ہو:

''آغاز کتاب کا از راہ ادب کے جو ساتھ نام حضرت شاہ عالم بادشاہ غازی اور حضرت صاحبقران جناب ابو ظفر سراج الدین محمد بہادر شاہ بادشاہ غازی تخت نشین دہلی کے ہوا اس کو احقر نے فخر اپنا سمجھ کر ترتیب حروف تہجی کو دخل یہاں نہ دیا اور نام نواب آصف الدولہ بہادر کا بھی بعد ذکر ممدوحین کے ثبت کیا۔''(۲۴)

اس کے بعد شاہ عالم آفتاب بہادر شاہ ظفر اور آصف الدولہ آصف کے اشعار اور نام ان کے نام کی ردیف میں بھی آئے ہیں لیکن ان کے سامنے یہ وضاحت کر دی گئی ہے:

''آصف تخلص۔ در آغاز کتاب میں بعد ظفر کے لکھا گیا۔ ظفر تخلص۔ یعنی بادشاہ دہلی۔ آغاز کتاب میں مرقوم ہوا۔''(۲۵)

مذکورہ بالا تفصیلات مکمل نسخے کی ہیں۔ پہلا حصہ کی کیفیت یہ ہے کہ دیباچہ کے ساتھ آباد کے ذکر سے شروع ہو کر کفایت کے اشعار پر ختم ہوتا ہے۔ دونوں کے اشعار بطور نمونہ پیش کئے جاتے ہیں:

''آباد............آباد تخلص نام مہدی حسین خان خلف حاجی محمد حسین خان باشندے لکھنؤ کے ایک دیوان چھوٹی بحر میں لکھا ہے اور دوسرا خواجہ آتش کے دیوان کے مقابلے میں ان کو تلمذ شیخ ناسخ سے ہے۔''(۲۶)

اشعار بطور نمونہ (آباد):

اڑ گئی زنجیر ٹکڑے پرزے سب غل ہو گیا — تیری طاقت کا بس اے دست جنوں غل ہو گیا
جلوہ گر گلشن میں جب وہ غیرت گل ہو گیا — ہر چراغ گل چمن میں شمع کا گل ہو گیا
لے لیا دست حنائی یار کا جب ہاتھ میں — پنجۂ خورشید میرے ہاتھ کا گل ہو گیا

شوق وصل یار نے آ کر اُٹھائے پائے صبر   دور میرے دل سے اب کوسوں تحمل ہو گیا
ہاتھ آئے سیکڑوں ہی درہم داغ جگر   عشق کی سرکار سے جس کو توسل ہو گیا
دم اُلجھتا ہے میرا گھڑیوں پریشان ہے دماغ   دل کو اے آباد جب سے عشق کاکل ہو گیا

☆☆☆

ممکن نہیں نشان ملے اس شمع نور کا   ڈھونڈا کریں چراغ لئے سب شعور کا
خورشید سر اُٹھائے بہت ہے غرور کا   بند نقاب کھول دوں اک دن حضور کا
جب چاہیں مجھ میں شکل کو آپ آ کے دیکھ لیں   حسرت سے آئینہ میں بنا ہوں حضور کا
کھا کر گلوری یار جو آباد دے اُگال   مرہم بنے وہ زخم دل ناصبور کا

☆☆☆

ہجر میں وصل کو ہم یاد کیا کرتے ہیں   شاد یوں ہی دل ناشاد کیا کرتے ہیں
تم ہمیں بھولے سے بھی یاد نہیں کرتے ہو   ہم تمہیں آٹھ پہر یاد کیا کرتے ہیں
کوئی ایسا بھی نہیں مشق جفا میں استاد   نئی بیداد وہ ایجاد کیا کرتے ہیں
انگلیاں کانوں میں دیتے ہیں فرشتے ہر دم   ایسی ہم ہجر میں فریاد کیا کرتے ہیں
کوئی ایسا نہیں کہتا ہے کسی کے منہ پر   آپ جو کچھ مجھے ارشاد کیا کرتے ہیں

☆☆☆

ہمارے زخم بھر لائے گا خط روئے جاناں کا   بنے گا مرہم زنگار سبزہ اس گلستاں کا
دہن کا لیں گے بوسہ اب تک آ لینے دو گیسو کو   اندھیری رات میں توڑیں گے قفل اس گنج پنہاں کا

☆☆☆

سیلاب اشک سے نہ فقط ہر مکان گرا   کرّوبیوں میں غل ہے کہ اب آسماں گرا
بلبل ہوں ایسے گلشن نازک بہار کا   موج شمیم گل سے مرا آشیاں گرا
گویا عصائے دستِ دل زار چھٹ گیا   جب کچھ سکی نہ آہ تو میں ناتواں گرا

☆☆☆

جسم ایسا تری فرقت میں ہمارا اُترا   سر پہ رکھا تو قدم سے وہیں چھلا اترا
نئی تشبیہ ہے مہتاب کو ہم کہتے ہیں   ہے غلاف آپ کے گل تکیہ کا میلا اترا

☆☆☆

بند بندھوائے ہیں محرم کے کسی نے مجھ سے   سلسلہ طرفہ ہوا دل کی گرفتاری کا
کاٹ دی بات وہیں یار سے جب بولا میں   غیر کا دانت مجھے دانت ہوا آری کا

☆☆☆

دیکھ کر عکس دُرِ دندان کو میں کُشتہ ہوا   زہر کیا گھولا ہوا تھا موتیوں کی آب میں
مچھلیاں بازو کی دیکھیں گے نہانے میں اگر   ماہیان بحر بے آتش بھنیں گی آب میں

☆☆☆

روٹھیں اگر منایئے ہاتھوں کو جوڑ کر   اے دل کبھی نہ خاطر دلدار توڑیئے

☆☆☆

عشق سے کوئی زمانے میں نہیں سل بھاری   لاکھ من سے نظر آتا ہے مجھے دل بھاری
صاف ہو مجھ سے صنم جلد کہا مان مرا   بے سبب بار کدورت سے نہ کر دل بھاری

☆☆☆

تو سن فکر رسا از خود ہمارا تیز ہے   وہ نہیں یہ اسپ جس کو حاجت مہمیز ہے
فرد دل کی یار مانگے گا تو دیکھلائیں گے ہم   مہر داغ عشق سے طیار دست آویز ہے
کیا ہی کیفیت دکھاتی ہے ہوا برسات کی   جوش پر مستی کو لاتی ہے گھٹا برسات کی

''کفایت......کفایت تخلص۔نام نواب کفایت اللہ خان مرحوم نواب زادہ رام پور کے اکثر غزلیں ان کی گائی جاتی ہیں:

دیوانہ کیا بزم میں شب آ کے کسی نے
بیہوش کیا چہرے کو دکھلا کے کسی نے''(۴۷)

غیر مطبوعہ حصہ جس کا نقل شدہ نسخہ مجھے ڈاکٹر وحید قریشی (مرحوم) سے عنایت ہوا تھا۔کلیم کے اشعار سے شروع ہوتا ہے۔ ردیف وار شعرا کے اشعار یونس تخلص نام مشہور بہ حکیم یونس کے ذکر پر ختم ہوتا ہے۔یہاں ترتیب اول کا اختتام ہوتا ہے اور ترتیب دوم شاعرہ آبادیؔ سے شروع ہوکر نورنؔ کے ذکر پر ختم ہوتی ہے۔آخر میں ۱۴ متفرق اشعار اور تین رباعیاں درج ہیں۔ ان کے شعرا کے نام نہیں دیئے گئے۔اس حصّے کا پہلے اور آخری شاعر کا اندراج یہاں نقل کیا جاتا ہے:

''کلیم......محمد حسین پدر حاجی تجلی دھلوی وہ مجلس و رسالہ عروض و قافیہ وغیرہ ہندی کتابیں جن کی تصنیف ہیں۔ دلی میں فوت کی تھی اور وہ دور احمد شاہ کا تھا۔

سو روضۂ رضوان کو میں ایک آن میں دیکھا
جب گل کی طرف جھانک گریبان میں دیکھا
ہو چکی حشر گئی دوزخ و جنت کو خلق
رہ گیا میں ترے کوچے میں گرفتار ہنوز
تجھے میں آنکھوں میں کیونکر رکھوں کہ ہے برسات
پھر ایسا گھر کہ یہ خانہ خراب ٹپکے ہے

فرد

اس کی ابرو کی اگر تصویر کھینچا چاہئے
اول اپنے قتل کی شمشیر کھینچا چاہئے

نورنؔ......نور جہاں میراسن فرخ آباد کی رہنے والی۔

کب میرے دل سے درد کا آزاد اٹھ گیا
ہاں عیش جس کو کہتے ہیں یکبار اٹھ گیا
مارا تھا تیری زلف نے کل جس کو گلبدن
باغِ جہاں سے آج وہ بیمار اٹھ گیا''(۴۸)

نسخہ دلکشا میں شعرا کے بارے میں بہت کم لکھا گیا ہے۔زیادہ تر ایک دو سطروں میں ہر شاعر کے بارے میں لکھا ہے۔ باوجود اس کے کہ مولف نے اس میں زیادہ تر ۱۱۷۳ھ سے لے کر ۱۲۶۸ھ تک کے شاعروں کا ذکر کیا ہے اور ان میں سے بہت

سارے مولف کے ہم عصر اور اپنے عہد کے ممتاز ترین شاعر تھے۔ لیکن مولف نے ان کے حالات زندگی کی جانب کوئی توجہ نہیں کی اپنے دور کے مشاہیر مثلاً ذوقؔ، غالبؔ اور مومنؔ کے بارے میں بھی ان کے بیانات ایک دوسطروں کے اور بہت سرسری ہیں۔ ملاحظہ ہوں:

''ذوقؔ......ذوق تخلص نام ابراہیم المخاطب بہ خاقانی ہند شاہجہان آباد کے استادوں میں سے ہیں اور حضور بادشاہ دہلی کے۔

مومنؔ......حکیم مومن خان دہلوی نامی استادوں میں تھے۔ فارسی شعر بھی عالی مضمون لکھتے تھے۔

غالبؔ......نواب اسداللہ خان بہادر المخاطب بہ مرزا نوشہ دہلوی نواب مہتاب جنگ کے عہد میں مرشد آباد اور کلکتے میں آئے تھے۔ فارسی اور ریختہ شعر خوب فرماتے ہیں اور ان کے اشعار اسد تخلص کے ہمراہ بھی لکھے گئے ہیں۔''(۲۹)

